اپنے احباب کو ای میل کیجئے پرنٹ کیجئے بند کیجئے

جنگ

Share

【レッツノートSX／NXシリーズ】
ec-club.panasonic.jp/
2013年秋冬モデルが新登場！直販なら カスタム注文可能／パナソニック

ایمنسٹی کی رپورٹ بروقت ہے

ڈرون حملوں پر پاکستان کے موقف کی تصدیق ہوگئی

دفتر خارجہ

معصوم شہری جاں بحق ہورہے ہیں، رپورٹ سے ثابت ہوگیا عالمی برادری بھی حملے بند کرانیکی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ ہے

اسلام آباد (نمائندہ جنگ ، ثناء نیوز) دفتر خارجہ کے ترجمان اعزاز احمد چوہدری کا کہنا ہے کہ ڈرون حملوں سے متعلق ایمنسٹی انٹر نیشنل کی رپورٹ بروقت ہے جس سے امریکی ڈرون حملوں کے حوالے سے پاکستان کے موقف کی تصدیق ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ ایمنسٹی انٹر نیشنل کی حالیہ رپورٹ میں غیر مبہم الفاظ میں ڈرون حملوں کے خلاف جس طرح پاکستان کے موقف کی حمایت کی گئی ہے اس سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ڈرون حملوں کو بند کرانے کے لئے پاکستان کی کوششوں میں عالمی برادری بھی اس کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈرون حملوں میں معصوم شہری جاں بحق ہو رہے ہیں اور ایمنسٹی انٹر نیشنل نے بھی وہی بات کی جو پاکستان ایک عرصے سے کررہا ہے۔ پاکستان کئی بار امریکا پر یہ واضح کرچکا ہے کہ ڈرون حملے اس کی خودمختاری پر حملے کے مترادف ہیں، انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی ان کے خلاف آواز اٹھا رہی ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات پرویز رشید نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نواز شریف اوباما سے ملاقات میں کشمیر، ڈرون حملوں، افغانستان سمیت تمام ایشوز پر پاکستان کا موقف کھل کر پیش کریں گے وزیر اعظم کا دورہ امریکا توقعات سے زیادہ کامیاب ثابت ہو گا ڈرون حملوں کے بارے میں ایمنسٹی انٹر نیشنل کی رپورٹ کا پاکستان خیر مقدم کرتا ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے قومی سلامتی و خارجہ امور سرتاج عزیز نے کہا کہ اوباما سے وزیر اعظم کی ملاقات سے قبل ایمنسٹی انٹر نیشنل کی ڈرون حملوں کے حوالے سے رپورٹ کا اجرا انتہائی اہم ہے اور اس کے تناظر میں وزیر اعظم ڈرون حملے بند کرنے کے حوالے سے اپنے مطالبے پر امریکی قیادت پر زور دیں گے۔ اعزاز احمد چوہدری کا کہنا تھا کہ ڈرون حملوں سے امن کوششوں کو نقصان پہنچ رہا ہے، ڈرون حملوں پر متعدد بار امریکی ناظم الامور کو طلب کرکے احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے